مطبوعات

حکایاتِ عزیمت مؤلف : بدر عالم صاحب

شائع کردہ : گلستان پبلیکیشنز بتوسط مکتبہ چراغ اسلام ۔ ۴۰۔ بی ۔ اُردو بازار لاہور

صفحات : ۹۴ قیمت : ۳/۶۰ روپے

توحیدِ باری تعالیٰ کا عقیدہ ایک انقلابی عقیدہ ہے ۔ جب اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلالت کا نقش دل پر مرتسم ہوتا ہے اور اُس کی توحید کی حکمرانی دماغ پر قائم ہوتی ہے تو دنیا کے تمام جابر و قاہر فرمانرواؤں کی فرمانروائی کے نقش مٹ جاتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ پر پختہ یقین انسان کو پہاڑ جیسا ثبات عطا کرتا ہے تو پھر اس کی گردن کسی کے سامنے خم ہونے سے انکار کر دیتی ہے اور وہ بڑے سے بڑے ظالم و مستبد حکمران کے سامنے بھی کلمۂ حق ادا کرنے سے خوف نہیں کھاتا ۔

زیرِ تبصرہ کتابچہ میں ان عظیم شخصیتوں کی حکایات عزیمت نہایت مختصر اور جامع انداز میں نقل کی گئی ہیں جن کے دل و دماغ پر اللہ کی سروری اور فرمانروائی کا رنگ چڑھ چکا تھا ۔ بنو امیہ اور بنو عباس کا دورِ ظلم و ستم ہو یا مغلیہ شہنشاہ اکبر کا زمانہ استبداد یا دورِ حاضر کی مسلم استبدادی حکومتیں، ہر دور میں ہمیں ایسی شخصیتیں نمایاں نظر آتی ہیں جنہوں نے قید و بند اور اذیت و عقوبت اور زجر و ضرب کے مختلف مرحلوں پر نہایت ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا اور اعلائے کلمۃ الحق کا فریضہ انجام دیا ۔ کتابچہ میں جہاں امام حسینؓ، سعید بن جبیرؒ، امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ، امام حنبلؒ کے ایمان افروز حالاتِ عزیمت ملتے ہیں وہاں مجدد الف ثانی، سعید حلبی، بدیع الزمان، شہید حسن البناء، عبدالقادر عودہ شہید، سید قطب شہید اور مولانا مودودی جیسی شخصیتیں بھی باطل کے سامنے سینہ سپر نظر آتی ہیں ۔ اس طرح تاریخ اسلام اولوالعزم اور حق پرست علماء سے کبھی محروم نہیں ہوئی ۔

زیرِ نظر کتابچہ میں ان اصحابِ عزیمت کے ایمان افروز حالات کو اس انداز میں بیان کیا گیا ہے کہ قاری